## بجلی کے بحران کے خاتمہ کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں، الطاف حسین

## کراچی سمیت ملک بھر میں طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ پر اظہار تشویش

لندن۔۔۔27، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کے شدید بحران اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی سمیت ملک بھر میں کئی کئی گھنٹوں تک بجلی کی عدم فراہمی اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور ان کے روزمرہ کے معمولات بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب بجلی کی عدم فراہمی سے شہریوں کی زندگی اجیرن بن رہی ہے اور ان کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے جبکہ دوسری جانب بجلی کی عدم فراہمی سے ملک بھر کی صنعتی اور تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں جس کے اثرات ملک کی معاشی صورتحال پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے اپیل کی ہے کہ کراچی سمیت ملک بھر میں بجلی کی بحران کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور بجلی کے بحران کے خاتمہ کیلئے ہنگامی بنیادوں پر ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## جماعت اسلامی پاکستان کو کمزور کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہے، رابطہ کمیٹی

## جامعہ کراچی میں بے گناہ طلباء کے شہید وزخمی ہونے کا واقعہ جماعت اسلامی کے تھنڈر اسکوڈ کی دہشت گردی کا شاخسانہ ہے

## قاضی حسین احمد پاکستان کو کمزور کرنے کی سازشوں کا سلسلہ ترک کردیں

کراچی۔۔۔27، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی نے آج تک پاکستان کو تسلیم نہیں کیا ہے اور یہ جماعت آج بھی پاکستان کو کمزور کرنے کی گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جامعہ کراچی میں بے گناہ طلباء کے شہید وزخمی ہونے کا واقعہ جماعت اسلامی کے تھنڈر اسکوڈ کی دہشت گردی کا شاخسانہ ہے اور جماعت اسلامی منافقت کا مظاہرہ کرکے ایک مرتبہ پھر لاشوں کی سیاست کرکے خود کو معصوم ثابت کرنے کی شرمناک کوشش کر رہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جماعت اسلامی خود کو اسلام پرست جماعت قرار دیتی ہے جبکہ ملک بھر کے عوام جانتے ہیں کہ جماعت اسلامی نے اسلام کے نام پر معرض وجود میں آنے والے پاکستان کے قیام کی سب سے پہلے مخالفت کی تھی۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جماعت اسلامی کا ماضی قتل وغارتگری، دہشت گردی اور اسلام دشمن کارروائیوں سے عبارت ہے، جس سے یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ جماعت اسلامی پاکستان کی مخالف اور اسلام دشمن جماعت ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قیام پاکستان سے ہی جماعت اسلامی نے تعلیمی اداروں میں اسلحہ کے زور پر قبضہ کرنے، ہنگامہ آرائی کرکے تعلیمی اداروں کا امن تباہ کرنے اور مخالفین کو قتل کرنے کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے اور یہ جماعت گزشتہ 61 سال سے پاکستان کو کمزور کرنے کی سازشوں میں مصروف ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جامعہ کراچی کی مسجد کو جماعت اسلامی نے اپنے اسلحہ کے ذخائر میں تبدیل کر رکھا اور جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت کے تھنڈر اسکواڈ کے دہشت گرد کھلے عام کراچی کے تعلیمی اداروں میں جدید ترین اسلحہ کی نمائش اور استعمال کرتے رہتے ہیں۔ اسی طرح جمعیت کے دہشت گردوں نے پنجاب یونیورسٹی میں گزشتہ کئی دہائیوں سے بندوق کے زور پر طلباء کو یرغمال بنا رکھا ہے اور ان دہشت گردوں کو روکنے والا کوئی نہیں ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب کے حق پرست عوام اور طلباء اس حقیقت سے بخوبی واقف ہیں کہ کس طرح جمعیت کے دہشت گرد پنجاب کے طلباء کو ظلم وستم اور قتل وغارتگری کا نشانہ بناتے رہے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک بھر کے عوام یہ بھی جانتے ہیں کہ جمعیت ہی وہ دہشت گرد طلبا تنظیم ہے جس نے سب سے پہلے تعلیمی اداروں میں خود کار اسلحہ متعارف کرایا اور مخالفین کے خلاف استعمال کرکے سینکڑوں کو موت کے گھاٹ اور ہزاروں کو زخمی ومعذور کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس وقت شہر کے عوام بجلی کے بحران، مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر مسائل کا شکار ہیں لیکن جماعت اسلامی عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے مثبت کردار ادا کرنے کے بجائے اپنی بغل بچہ طلبا تنظیم اسلامی جمعیت طلباء کے تھنڈر اسکواڈ کے ذریعہ بے گناہ طلباء کو شہید وزخمی کر رہی ہے اور شہر کے تعلیمی اداروں کا امن وسکون غارت کر رہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد سے اللہ اور رسولؐ کے نام پر اپیل کی کہ وہ قیام پاکستان کی مخالفت میں بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے کا سلسلہ بند کردیں اور پاکستان کو کمزور کرنے کی سازشوں کا سلسلہ ترک کردیں۔

## اے پی ایم ایس او کے کارکن اور جامعہ کراچی کے طالب علم عاطف رضا شہید کو ہزاروں سوگواران کی موجودگی میں شیر شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

### شہید کا جسد خاکی نائن زیرو لایا گیا، نماز جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی

کراچی۔۔۔27، اگست 2008ء

اسلامی جمعیت طلبا کے دہشت گردوں کی ہاتھوں شہید ہونے والے جامعہ کراچی کے طالب علم اور آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے جواں سال کارکن عاطف رضا شہید عرف رامش کو بدھ کے روز بعد نماز ظہر جامعہ کراچی اور دیگر تعلیمی اداروں کے طلباء، اساتذہ اور ایم کیو ایم کے ہزاروں کارکنوں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان شیر شاہ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ اس سے قبل شہید کی نماز جنازہ عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی کے پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، رابطہ کمیٹی کے اراکین بابر خان غوری، ڈاکٹر نصرت، ڈاکٹر عاصم رضا، شعیب بخاری، نیک محمد، حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز و شعبہ جات کے اراکین، اور کراچی کے مختلف تعلیمی اداروں کے طلباء بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ سے قبل شہید عاطف رضا کا جسدِ خاکی آخری دیدار کیلئے ان کی رہائشگاہ ملیر سے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد لایا گیا جہاں ہزاروں سوگواران نے شہید کا آخری دیدار کیا۔ اس موقع پر کارکنان نے شہید تیرے خون سے انقلاب آئے گا، جاری رہے گی جاری رہے گی جدو جہد جاری رہے گی اور دیگر فلک شگاف نعرے لگائے۔ شہید کا جلوس جنازہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی میت بسوں، موٹر سائیکلوں اور کاروں پر مشتمل تھا جبکہ عاطف رضا کی شہادت کے سوگ ان کی رہائشگاہ کے اطراف کے دوکانداروں نے اپنی کاروباری سرگرمیاں رضا کارانہ طور پر بند رکھیں۔ شہید کی تدفین کے موقع پر جلوس کے شرکاء شدت غم سے نڈھال تھے۔ شہید کی تدفین کے موقع پر طلباء اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے اور پھوٹ پھوٹ کر رو رہے تھے جنہیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور دیگر رہنماؤں نے دلاسہ دیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔

## معروف شاعر و مصنف خورشید اقبال حیدر کی کتاب ''قائد کے اقوال شعری پیراہن میں'' کی تقریب رونمائی 30 اگست کو ہوگی

### تقریب رونمائی سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین خصوصی خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔27، اگست 2008ء

معروف شاعر و مصنف خورشید اقبال حیدر کی کتاب ''قائد کے اقوال شعری پیراہن میں'' شائع ہو چکی ہے۔ جس کی تقریب رونمائی ایم کیو ایم کلچر اینڈ لیٹریری فورم کے تحت 30، اگست 08 بروز ہفتہ شام 6 بجے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد منعقد ہوگی۔ رونمائی کی تقریب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے خصوصی ٹیلی فونک خطاب فرمائیں گے۔ تقریب کی صدارت معروف دانشور و ڈرامہ نگار و رسابق صوبائی مشیر محترمہ فاطمہ ثریا بجیا کریں گی جبکہ معروف شاعرہ و ادیب محترمہ گلنار آفرین، سندھی دانشور وسیم سومرو، قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار اور صوبائی وزیر شعیب بخاری کتاب پر اظہار خیال کریں گے۔ واضح رہے کہ ایم کیو ایم کلچر اینڈ لیٹریری فورم کے تحت اس سے قبل حق پرست شاعر عاقل بریلوی کی کتاب ''حرف آخر''، کالم نگار و مصنفہ نورین انصاری کی کتاب ''داستانِ شہدائے حق''، کالم نگار و مصنف ارشد حسین کی کتاب ''پاکستان اور حوا کی بیٹی'' جبکہ اسی طرح حیدرآباد میں ایم کیو ایم انٹلکچوئل فورم کے تحت سندھی دانشور ساجد سومرو کی کتاب ''پاکستان کا ترقی پسند عمل اور پی پی ایم کیو ایم مفاہمت کی رونمائی کی تقریبات منعقد کی جا چکی ہیں جنہیں ادبی حلقوں کی جانب سے بیحد سراہا گیا۔

## ایم کیو ایم نے حبیب بنک میں ہونے والے ریفرنڈم میں حبیب بنک ورکرز فرنٹ کی حمایت کا اعلان کر دیا

کراچی۔۔۔27، اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حبیب بنک میں 28 اگست 2008ء کو ہونے والے ریفرنڈم میں حبیب بنک ورکرز فرنٹ کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیبر ڈویژن حبیب بنک یونٹ کے تمام ذمہ داران و کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ ریفرنڈم میں حبیب بنک ورکرز فرنٹ (حبیب الدین جنیدی) کے نمائندوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

## ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے کارکن میراں بلوچ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔27،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ بھنبور کے کارکن میراں بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن کے بھائی اور ٹھٹھہ زون کے کارکن میراں بلوچ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹھٹھہ زون یونٹ بھنبور کے کارکن میراں بلوچ اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن قنبر علی زیدی کے بھائی سید تحسین رضا زیدی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

## حق پرست صوبائی وزراء اور ارکان سندھ اسمبلی نے جمعیت کے دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کارکنان کی عیادت کی

کراچی۔۔۔27،اگست 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست صوبائی وزراء فیصل سبزواری اور ڈاکٹر صغیر احمد نے گزشتہ روز جامعہ کراچی میں اسلامی جمعیت طلبہ کے دہشت گردوں فائرنگ سے زخمی ہونے والے اے پی ایم ایس او کے کارکنان کی عیادت کی اور ان سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پر حق پرست ارکان سندھ اسمبلی معین خان اور ریحان ظفر بھی ان کے ہمراہ تھے۔حق پرست وزراء نے جامعہ کراچی میں جمعیت کی فائرنگ اور اس کے نتیجے میں اے پی ایم ایس او کے جواں سالہ کارکن رمش کی شہادت اور کارکنوں کو زخمی کرنے کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اس واقعہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عاطف رضا عرف رمش شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔انہوں نے اسپتال کی انتظامیہ کو بھی ہدایت کی کہ وہ زخمی کارکنان کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑیں۔اس موقع پر انہوں نے زخمی کارکنان کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

☆☆☆☆☆